آپ کو "نیک نیتی کا تخمینہ" وصول کرنے کا حق ہے جو اس بات کی وضاحت کرتا ہو کہ آپ کی طبی دیکھ بھال پر کتنا خرچ آئے گا

قانون کے تحت، صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کو ایسے مریضوں کو طبی اشیاء اور خدمات کے بل کا تخمینہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے **جن کے پاس انشورنس نہیں ہے یا جو انشورنس استعمال نہیں کر رہے ہیں۔**

- آپ کو کسی بھی غیر ہنگامی اشیاء یا خدمات کی کل متوقع لاگت کے لئے نیک نیتی کا تخمینہ وصول کرنے کا حق ہے۔ اس میں طبی ٹیسٹ، نسخے پر مبنی دوائیں، آلات اور اسپتال کی فیس جیسے متعلقہ اخراجات شامل ہیں۔

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ آپ کو آپ کی طبی خدمت یا شے سے کم از کم 1 کاروباری دن پہلے تحریر شدہ نیک نیتی کا تخمینہ دے۔ آپ کسی شے یا خدمت کا شیڈول طے کرنے سے پہلے اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ، اور اپنے منتخب کردہ کسی بھی دوسرے فراہم کنندہ سے نیک نیتی کے تخمینہ کے لئے کہہ بھی سکتے ہیں۔

- اگر آپ کو کوئی ایسا بل ملتا ہے جو آپ کے نیک نیتی کے تخمینہ سے کم از کم 400 ڈالر زیادہ ہے، تو آپ اس بل پر اعتراض کر سکتے ہیں۔

- اپنے نیک نیتی کے تخمینہ کی نقل یا تصویر محفوظ کرنا یقینی بنائیں۔

نیک نیتی کے تخمینہ کے اپنے حق کے بارے میں سوالات یا مزید معلومات کے لئے،
www.cms.gov/nosurprises پر جائیں یا 1-800-985-3059 پر کال کریں۔